سوال

ممنوعات احرام اوران کی اقسام

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ممنوعات احرام اوران کی اقسام کون کون سی ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ممنوعات احرام نوہیں :

(1) سر یا جسم کے بال مونڈنا۔ (2) ہاتھ اور پاؤں کے ناخن کاٹنا۔ (3) مرد کے لیے سلے ہوئے کپڑے پہننا۔ مثلاً قمیص، شلوار، نیکر (جانگیا)، جبہ، بنیان، قباء، (شیروانی) اور چوغہ وغیرہ۔ (4) سر کو چپکنے والی چیزوں مثلاً عمامہ اور ٹوپی وغیرہ کے ساتھ ڈھانپنا لیکن سر پر چھتری یا خیمہ ہو یا سامان وغیرہ اٹھایا ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ (5) خوشبو کا استعمال، اس سے مراد ہر وہ چیز ہے جس کی بو عطر بیز ہو مثلاً کستوری، گلاب، پھول اور دیگر تمام عطریات کہ ان کو جسم یا لباس میں استعمال کیا جاتا ہو، (6) خشکی کے جانوروں کا شکار کرنا مثلاً کبوتر، سرخاب، چکور، چڑیا وغیرہ یا ہرن، پہاڑی بکرا، نیل گائے، سانڈا، یربوع اور وبر وغیرہ۔ (7) محرم کے لیے منگنی کرنا، نکاح کرنا یا کسی نکاح میں ولی بننا جائز نہیں ہے۔ (8) بیوی یا لونڈی کے ساتھ صحبت کرنا۔ (9) صحبت کے علاوہ دیگر امور مثلاً شہوت سے بوسہ لینا یا گلے لگانا وغیرہ حرام ہیں۔

ان میں سے پہلی پانچ اشیاء میں سے اگر کسی کا ارتکاب ہو جائے تو فدیہ لازم ہے، البتہ اس سے حج باطل نہیں ہوگا، شکار وغیرہ کی صورت میں اس طرح کے جانور کو ذبح کرنا ہوگا، نکاح وغیرہ کی صورت میں فدیہ تو نہیں ہے لیکن اس سے حج باطل ہو جائے گا اور مباشرت وغیرہ کی صورت میں حج تو باطل نہ ہوگا البتہ دم دینا لازم ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ